# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 20 جون، 2017

انتخابی حلقہ بندیوں کے بارے میں الیکشن کمیشن آف پاکستان کا اہم اجلاس بدھ 21 جون 2017ء کو الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام آباد میں طلب۔ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں ہونے والے اجلاس میں الیکشن کمیشن کو انتخابی حلقہ بندیوں کے بارے میں بریفنگ دی جائے گی۔ اجلاس میں الیکشن کمیشن کے ممبران، الیکشن کمیشن کے سینئر افسران اور محکمہ مردم شماری کے افسران شرکت کریں گے۔ چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان کی ہدایت کے مطابق مردم شماری کے چیف کمشنر آصف باجوہ اجلاس میں الیکشن کمیشن کو انتخابی حلقہ بندیوں کے لیے درکار ڈیٹا کی دستیابی اور اعداد و شمار کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دیں گے۔

☆☆☆☆☆☆